AQF / Shabbir

04-08-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی ریاستوں کی جامع اور تیز رفتار ترقی پر منحصر ہے۔ انہوں نے ریاستوں سے کہا کہ وہ ایک دوسرے کے بہترین طور طریقوں اور تجربات سے سیکھیں۔

2. مرکزی وزارت صحت نے سفر کے مختلف وسائل کے ذریعے انسانی اعضاء کے نقل وحمل کیلئے رہنما خطوط جاری کئے ہیں۔

3. بھارتی فوج نے ہماچل پردیش میں بادل کے پھٹنے اور مٹی کے تودے کھسکنے سے متاثرہ علاقوں میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد اور راحت اور بچاؤ کی کارروائیوں کو تیز کردیا ہے۔

4. زرعی اقتصادی ماہرین کی بین الاقوامی کانفرنس میں غیر ملکی مندوبین نے بھارت کی زرعی صلاحیت اور اس کی مجموعی ترقی کی ستائش کی ہے۔

5. پیرس اولمپکس میں آج سہ پہر بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین کا مقابلہ سیمی فائنل میں ڈنمارک کے کھلاڑی Viktor Axelsen سے ہوگا۔

6. اور کرکٹ میں : آج کولمبو میں بھارت اور سری لنکا کے درمیان دوسرا ایک روزہ بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PREZ GOVERNORS CONFERENCE

گورنروں کی دو روزہ کانفرنس کل راشٹرپتی بھون میں اختتام پذیر ہوئی۔ صدر جمہوریہ درپدی مرمو نے باہمی سیکھنے کے جذبے کے تحت جامع بات چیت کیلئے گورنروں کی اجتماعی کوششوں کی ستائش کی۔ اپنے اختتامی کلمات میں انہوں نے اس بات کو سراہا کہ گورنروں کے مختلف گروپس اپنے دفتر کے کام کاج کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ لوگوں کی فلاح وبہبود کیلئے اپنے قیمتی خیالات اور تجاویز کے ساتھ سامنے آئے۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ ان تجاویز پر عمل کیا جائے گا۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ

ملک کی ترقی کا انحصار ریاستوں کی جامع اور تیز رفتار ترقی پر ہے اور تمام ریاستوں کو ایک دوسرے کے بہترین طور طریقوں اور تجربات سے سیکھ کر آگے بڑھنا چاہیئے۔ انہوں نے گورنروں پر زور دیا کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ عوامی بہبود کے تمام پروگراموں کے ثمرات ہر اہل شخص تک پہنچے، تاکہ جامع ترقی کا ہدف حقیقی معنوں میں حاصل کیا جاسکے۔

اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ دو روزہ کانفرنس نے تمام شرکاء کے ذہنوں پر اَنمٹ نقوش چھوڑے ہیں، جنھوں نے اہم مسائل پر بڑی تفصیل سے گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ گورنروں کو معلومات حاصل کرنے میں جھجک محسوس نہیں کرنی چاہئے اور مؤثر کام کرنے کیلئے متعلقہ ریاستی حکومتوں کے ساتھ مستقل رابطہ برقرار رکھنا چاہئے۔

اپنے خطاب میں وزیراعظم نریندر مودی نے گورنروں پر زور دیا کہ وہ راج بھون میں گورننس کا ایک مثالی نمونہ تیار کریں۔ انہوں نے گورنروں پر زور دیا کہ وہ اپنے کام کاج میں ٹیکنالوجی کو اپنائیں اور ڈیجیٹائزیشن کو فروغ دیں۔ وزیراعظم نے خاص طور پر تعلیمی اداروں کے سابق طلباء کے نیٹ ورکس کی طاقت کو استعمال کرنے پر زور دیا اور ان سے اپیل کی کہ وہ تعلیمی کیمپس کو منشیات سے پاک بنانے کیلئے بڑے پیمانے پر مہم چلائیں۔×

## CENTRE ORGAN TRANSPORT

مرکزی وزارت صحت نے سفر کے مختلف وسائل جیسے فضائی، سڑک، ریلوے اور آبی گذرگاہوں کے ذریعے انسانی اعضا کے نقل وحمل کے لیے معیاری طریقۂ کار SOP جاری کیا ہے۔حکومت کی جانب سے جاری کیا گیا یہ معیاری طریقۂ کار ملک بھر میں انسانی اعضاء کی پیوند کاری سے متعلق افراد کے لیے ایک رہنما خطوط کا کام کرے گا۔صحت کے سیکریٹری اپوروا چندرا نے کہا کہ یہ رہنما خطوط ملک بھر میں اعضا کی بازیافت اور پیوند کاری کے لیے ایک خاکہ ہیں، جس سے اِس شعبے میں بہترین طریقوں اور معیار کو یقینی بنایا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ انسانی اعضا کے نقل وحمل کو ہموار کرنے کے ذریعے حکومت کا مقصد نایاب اعضا کے استعمال کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا اور ایسے ہزاروں مریضوں کو امید دلانا ہے جن کی زندگی اعضا کی پیوند کاری کے ذریعے بچائی جا سکے۔

## ARMY-HP RELIEF

بھارتی فوج نے ہماچل پردیش کے شملہ اور منڈی ضلعوں میں بادل کے پھٹنے اور مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعات کے بعد متعدد وسائل کا استعمال کرتے ہوئے ریاست میں قدرتی آفات کے دوران جاری انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد اور راحت اور بچاؤ کی کارروائیوں کو تیز کردیا ہے۔

فوج نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ Samej میں امداد اور راحت کی کارروائیوں کے حصے کے طور پر تقریباً 90 سویلین کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے اور فوج کے طبی کیمپ میں ان کا علاج کیا جارہا ہے۔×

**KERALA WAYANAD**

وائناڈ میں تودے گرنے سے متاثرہ علاقوں میں کُل تلاشی مہم کے دوران 16 لاشیں اور برآمد کی گئیں۔ تلاشی مہم آج صبح سے پھر شروع ہوگی۔ وزیراعلیٰ Pinaryai VIjayan نے کل کہا تھا کہ اِن واقعات سے بچنے والے افراد کو ایک محفوظ مقام پر پھر سے بسایا جائے گا اور اُن کے لیے ایک نئی بستی بسائی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ اِن افراد کی باز آبادکاری کے لیے امدادی پیکیج جلد تیار ہوگا۔ دس ہزار سے زیادہ لوگ مختلف کیمپوں میں پناہ لیے ہیں ہوئے ہیں۔

**AGRICULTURE-DELEGATES**

زرعی اقتصادی ماہرین کی 32 ویں بین الاقوامی کانفرنس ICAE میں غیر ملکی مندوبین نے بھارت کی زرعی صلاحیت اور اس کی مجموعی ترقی کی ستائش کی ہے۔ اس 6 روزہ پروگرام میں ممتاز بین الاقوامی مندوبین شرکت کر رہے ہیں۔ ان مندوبین نے بھارت کی زرعی حصولیابیوں اور اختراعات کی تعریف کی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کل نئی دلّی میں اس کانفرنس کا افتتاح کیا۔ اس کانفرنس میں 75 ممالک کے مندوبین شرکت کر رہے ہیں۔

بنگلہ دیش سے تعلق رکھنے والی ایک نمائندہ Hasmin نے عالمی زرعی منظرنامے میں بھارت کے مقام کی تعریف کی اور کہا کہ بھارت متعدد زرعی اشیاء کی پیداوار کرنے والا ایک سرکردہ ملک ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا متنوع ایکوسسٹم اور زرعی تعلیم کا بنیادی ڈھانچہ زراعت کی سطح پر ملک کی کامیابی میں اہم رول ادا کرتا ہے۔

کینیا کی نمائندگی کرنے والے Dodo Makwal نے کہا کہ بھارت زراعت کے شعبے میں تیزی کے ساتھ ترقی کررہا ہے اور یہاں جو تحقیق کی جارہی ہے، وہ قابل تعریف ہے۔ انہوں نے اپنی زرعی ترقی کے ذریعہ دیگر ملکوں کو خوراک فراہم کرنے میں بھارت کے رول کو سراہا۔ جاپان کی ایک مندوب Sobren نے متعدد قسم کے زرعی پروڈکٹس کی پیداوار کرنے اور برآمد کرنے کی بھارت کی صلاحیت کی تعریف کی۔ انہوں نے روایتی نظام اور جدید ٹیکنالوجیز کو ہم آہنگ کرنے کیلئے بھارت اور دیگر ملکوں کے درمیان اشتراک وتعاون کی اہمیت پر زور دیا۔

کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت ایک مستحکم زرعی شعبے کے ساتھ غذائی اشیاء کے اضافی ذخائر کا حامل ملک کے طور پر ابھرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت آب وہوا کی تبدیلی سے درپیش چیلنجوں کے درمیان عالمگیر سطح پر بھوک اور ناقص تغذیہ کے مسائل کو حل کرنے میں مدد کی خاطر اپنے تجربات مشترک کرنے کیلئے تیار ہے۔×

**VAISHNAW SEMICONDUCTOR**

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ آسام کے مورے گاؤں میں ٹاٹا کے سیمی کنڈکٹر یونٹ کی تعمیر کا کام شروع ہوگیا ہے۔ نئی دلّی میں پلانٹ کے بارے میں مزید تفصیلات بتاتے ہوئے جناب ویشنو

نے کہا کہ یہ یونٹ 27 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری سے قائم کیا جائے گا اور اس سے 15 ہزار براہ راست، جبکہ 11 سے 13 ہزار بالواسطہ روزگار پیدا ہوں گے۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ یہ ایک بہت بڑا سیمی کنڈکٹر پلانٹ ہوگا، جو روزانہ چار کروڑ 83 لاکھ سیمی کنڈکٹر چپس تیار کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس پلانٹ میں تیار کی جانے والی چپس الیکٹرک گاڑیوں نیز مواصلات اور نیٹ ورک کے بنیادی ڈھانچے میں استعمال ہوں گی۔ **S/B Ashvwini Vaishnav**

مرکزی وزیر نے بتایا کہ اس سال 29 فروری وزیراعظم نریندر مودی کی صدارت میں مرکزی کابینہ نے آسام کے مورے گاؤں میں ٹاٹا کے سیمی کنڈکٹر یونٹ کی تجویز کو منظوری دی تھی۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**PRESIDENT VISIT**

صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مرمو، تین ملکوں فجی، نیوزی لینڈ اور Timor Leste کے دورے پر روانہ ہوں گی۔ اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں صدر جمہوریہ آج دیر شام نئی دلّی سے فجی کے Nadi کیلئے روانہ ہوں گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Sri Sai**

*صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مرمو، اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں فجی کی راجدھانی Suva میں دو طرفہ میٹنگیں کریں گی۔ صدر جمہوریہ فجی کی پارلیمنٹ سے خطاب کریں گی اور برادریوں سے بات چیت کے پروگرام میں شرکت کریں گی۔ نیوزی لینڈ میں صدر جمہوریہ دو طرفہ میٹنگیں کریں گی اور ویلنگٹن میں ایک بین الاقوامی تعلیمی کانفرنس سے خطاب کریں گی۔ وہ آکلینڈ میں بھارتی برادری کی جانب سے استقبالیہ میں بھارتی برادری اور فرینڈز آف انڈیا سے بھی بات چیت کریں گی۔ اپنے دورے کے آخری مرحلے میں صدرجمہوریہ Timor Leste جائیں گی۔ وہ راجدھانی Dili میں دو طرفہ میٹنگیں کریں گی اور Timor Leste بھارتی برادری کی جانب سے منعقدہ استقبالیے میں شرکت کریں گی۔ توقع ہے کہ صدر جمہوریہ کا تین ملکوں کا یہ دورہ بھارت ایکٹ ایسٹ پالیسی کو مزید تقویت فراہم کرے گا اور جنوب مشرقی ایشیاء اور بحرالکاہل خطے پر بھارت کی خصوصی توجہ کو مستحکم کرے گا۔*

*سری سائی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......*

**EAM MEETING**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل نئی دلّی میں بھارت-جاپان کونسل کی قیادت کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے اس اہم تعلقات کی مکمل صلاحیت کو بروئے کار لانے کے اُن کے عزم کو سراہا۔x

**AKASHVANI MUSIC CONCERT**

نئی دلّی میں Akashvani Music Concert - 2024 کا آغاز ہوچکا ہے۔ یہ دو روزہ Concert آکاشوانی کے رنگ بھون آڈیٹوریم میں منعقد کیا جارہا ہے۔ میوزک کنسرٹ کے پہلے دن معروف موسیقار پنڈت راجیندر پرسنّا نے بانسری پر سامعین کو مسحور کردیا۔ پنڈت جے تیرتھ Mevundi نے بھی اپنے فن کا مظاہرہ کیاق۔ دیگر فنکاروں میں پنڈت وشو موہن بھٹ، پنڈت سلیل بھٹ، پنڈت ساجن مشرا اور سوارنش مشرا جیسے ماہر فنکار آج اپنے اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔ دلّی کے علاوہ Akashvani Music Concert مختلف دیگر شہروں میں بھی الگ الگ تاریخوں میں منعقد کیا جارہا ہے۔ اِن شہروں میں حیدرآباد، پٹنہ، جموں، شیلانگ، امپھال، کٹک، بنگلورو، بھوپال، چنئی اور رانچی شامل ہیں۔ عوامی خدمات کے ایک نشریاتی ادارے کے نظریات پر پوری مضبوطی کے ساتھ اپنی بنیادوں پر قائم آکاشوانی نے بھارت کی ثقافت کو پروان چڑھانے اور اِس کی متنوع ثقافت کی پاسداری میں اہم ترین رول ادا کیا ہے۔x

**IMD WEATHER**

بھارتیہ محکمہ موسمیات IMD نے آج مغربی مدھیہ پردیش اور مشرقی راجستھان میں بہت زیادہ شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے جنوب مغربی راجستھان اور اس کے نواحی علاقوں میں سخت موسمی حالات اور کم دباؤ والا علاقہ بننے کی پیشگوئی کی ہے۔

پیش ہے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ۔ V/C Adarsh

*محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ مدھیہ مہاراشٹر، کونکن اور گوا کے ساحلی علاقوں میں آج موسلا دھار بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ نے مزید کہا کہ جموں-کشمیر اور پنجاب میں آج کہیں کہیں شدید بارش ہونے کی توقع ہے۔ اِس کے علاوہ ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، اترپردیش، راجستھان، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور شمال مشرقی بھارت میں اِس مہینے کی دس تاریخ تک شدید بارش کا امکان ہے۔ دوسری جانب جنوبی بھارت میں آج ساحلی کرناٹک میں شدید بارش کا امکان رہے گا اور کیرالہ، ماہے اور تمل ناڈو میں کل تک شدید بارش کی پیشگوئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے اِس ہفتے کے دوران ملک کے زیادہ تر حصوں میں گرج چمک کے ساتھ درمیانی درجے کی بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔x*

**J&K-ECI**

ایک اہم پیش رفت کے تحت بھارت کے انتخابی کمیشن کی اعلیٰ سطح کی ایک ٹیم 8 اگست سے جموں وکشمیر کے تین روزہ دورے پر پہنچ رہی ہے، تا کہ مرکز کے زیر انتظام علاقے میں آسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لے سکے۔ آکاشوانی جموں کے ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار اور انتخابی کمشنر گیانیش کمار اور ڈاکٹر سکھبیر سنگھ سندھو پر مشتمل مکمل کمیشن آٹھ اگست سے جموں وکشمیر کا دورہ کرے گا۔ یہ کمیشن انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے سیاسی پارٹیوں اور افسران کے ساتھ میٹنگیں کرے گا۔ اس کے علاوہ انتخابات کے سلسلے میں سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے پولیس کے ساتھ بھی بات چیت کی جائے گی۔×

**OLYMPIC SCHELULE**

پیرس اولمپک میں آج سیمی فائنل میں بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین کا مقابلہ ٹوکیو اولمپک میں سونے کا تمغہ جیتنے والے ڈنمارک کے Viktor Axelsen سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے ہوگا۔ ٹوکیو اولمپک میں میڈل حاصل کرنے والی مکے باز Lovlina Borgohain کے خواتین کے 75 کلوگرام زمرے کے کوارٹر فائنل میں چین کی Li Qian سے مقابلہ کریں گی۔

مردوں کی ہاکی ٹیم برطانیہ کے خلاف مقابلے میں سیمی فائنل میں جگہ بنانے کی کوشش کرے گی۔ یہ کوارٹر فائنل مقابلہ بھارتی وقت کے مطابق دن میں ڈیڑھ بجے ہوگا۔ اس دوران 25میٹر Rapid Fire Pistol کے کوالیفکیشن مرحلے میں دولت مشترکہ کھیلوں میں سونے کا تمغہ حاصل کرنے والے Anish Bhanwala اور Vijay Veer Sidhu مقابلہ کریں گے۔ کوالیفکیشن میں، Parul چودھری خواتین کے تین ہزار میٹر Steeplechase کے پہلے راؤنڈ میں حصہ لیں گی جبکہ Jeswin Aldrin لمبی دوری کی چھلانگ میں بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ڈھائی بجے کوالیفکیشن راؤنڈ سے اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C Shaurya**

*کل میڈل کے تعلق سے بھارت کو امید تھی لیکن مایوسی ہاتھ لگی۔ منو بھاکر کے پاس خواتین کے 25میٹر پسٹل مقابلے میں لگاتار تیسرا اولمپک تمغہ جیتنے کا موقع تھا لیکن وہ چوک گئیں اور چوتھے مقام پر رہیں۔ لیکن انھوں نے پہلے ہی کانسہ کے دو تمغے حاصل کر لیے ہیں اور آزادی کے بعد کسی بھارتی اولمپک کھلاڑی نے یہ کارنامہ انجام نہیں دیا ہے۔ اس دوران* ***Anant Jeet naruka*** *مردوں کے* ***SKEET*** *فائنل میں جگہ بنانے میں ناکام رہے۔ مہیشوری چوہان اب بھی خواتین کے* ***SKEET*** *فائنل میں جگہ بنا سکتی ہیں وہ اس وقت آٹھویں مقام پر ہیں جبکہ دو دو کوالیفائنگ راؤنڈ باقی ہیں۔ تیر*

*اندازی میں سابق عالمی نمبر ایک دیپکا کماری اور بھجن کور بھی اپنے اپنے مقابلے ہار گئیں۔ مکے بازی مقابلے میں نشانت دیو 71 کلوگرام زمرے کے کوارٹر فائنل میں* ***Marco Alonso Verde Alvarez*** *سے ہار گئے۔*

*پیرس سے شوریہ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .........*

**CRICKET INDIA-SRILANKA**

*کرکٹ میں آج تین میچوں کی سیریز کے دوسرے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔ یہ میچ آج کولمبو کے آر پریم داسا اسٹیڈیم میں بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ڈھائی بجے شروع ہوگا۔ دونوں ٹیمیں سیریز کے پہلے میچ کے ڈرا ہونے کے بعد اس میچ میں اپنی اپنی جیت درج کرنے کی کوشش کریں گی۔ سری لنکا کے کھلاڑی* **Wanindu Hasaranga** *پہلے میچ میں زخمی ہونے کے بعد اُن کی جگہ* **Jaffrey Vandersay** *لیں گے۔ سری لنکا کرکٹ نے ایک بیان میں اس کا اعلان کیا ہے جبکہ بھارتی ٹیم میں کوئی ردو بدل نہیں ہے۔***x**

**AMARNATH YATRA**

*جموں اور کشمیر میں چار لاکھ 90 ہزار یاتریوں نے اب تک شری امرناتھ جی گپھا کے درشن کیے ہیں۔ یہ گپھا اننت ناگ ضلعے میں تین ہزار 880 میٹر کی اونچائی پر واقع ہے۔ ہمارے جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ جموں میں بھگوتی نگر یاتری نواس کیمپ سے ایک ہزار 112 یاتریوں کا 38 واں جتھا وادی کشمیر میں امرناتھ گپھا کے درشن کے لیے آج روانہ ہوگیا۔ یہ جتھا آج صبح 40 گاڑیں میں سوار ہوکر سفر کے لیے روانہ ہوا۔ اِس جتھے میں 910 مرد، 159 خواتین، 31 سادھو اور 12 سادھویاں شامل ہیں۔ اِن میں سے 204 یاتری بالتل کیمپ کے لیے اور 908 پہلگام بیس کیمپ کے لیے روانہ ہو چکے ہیں، جہاں سے وہ پوتر گپھا کے لیے مزید سفر طے کریں گے۔***x**

**DG BSF**

**Sashastra** *سیما بل* **SSB** *کے ڈائریکٹر جنرل دلجیت سنگھ چودھری نے بارڈر سکیورٹی فورس کے ڈائریکٹر جنرل کے عہدے کے اضافی چارج کو سنبھال لیا ہے۔ جناب چودھری اترپردیش کیڈر کے سینئر* **IPS** *افسر ہیں۔ اُنھیں* **SSB** *کے ڈائریکٹر جنرل کی ذمہ داری اس سال جنوری میں سونپی گئی تھی۔***x**

**ISRAEL HEZBULLAH ATTACK**

لبنان کے ملی ٹینٹ گروپ حزب اللہ نے کل رات شمالی اسرائیل میں کئی **Katyusha** راکٹ داغے، جس میں **Beit Hillel** قصبے کو نشانہ بنایا گیا۔ ایران کی حمایت یافتہ حزب اللہ نے کہا ہے کہ یہ تازہ حملہ فلسطینی عوام کے ساتھ یکجہتی کے اظہار کے طور پر کیے گئے حملوں میں سے ایک ہے۔ **x**

**FPI-INFLOW-JULY**

غیر ملکی پورٹ فولیو سرمایہ کاروں **FPI** نے جولائی **2024** میں حصص اور قرض میں **54** ہزار **727** کروڑ روپے کی سرمایہ کی ہے۔ **National Securities Depository Limited (NSDL)** کی جانب سے فراہم کردہ اعداد وشمار کے مطابق **FIP** نے اسی مدت کے دوران حصص میں **32** ہزار **364** کروڑ روپے اور قرض میں **22** ہزار **363** کروڑ روپے مختص کئے ہیں۔ ماہرین اس خاطر خواہ آمد کی وجہ سے ایک مضبوط اقتصادی نقطہ نظر شرح میں کمی اور سرکاری مالیاتی نظم وضبط کو قرار دیتے ہیں۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد

شکریہ - آسیہ میمونہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اخبارات نے زرعی اقتصادی ماہرین کی بین الاقوامی کانفرنس سے وزیراعظم کے افتتاحی خطاب کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے : عالمی غذائی بحران کے حل کے لیے، بھارت کوشاں، بھارت کا زرعی تنوع عالمی غذائی تحفظ کے لیے امید کی کرن۔ اخبار پرتاپ نے سابق صدر جمہوریہ رامناتھ کووند کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ قوم کی تعمیر میں اجتماعی تعاون کرنا ہوگا۔

اخبار انقلاب نے وزیر داخلہ امت شاہ کی لوگوں سے گھروں پر ترنگا لہرانے کی اپیل کو قومی صفحہ پر جگہ دی ہے۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس کی ایک اہم سرخی ہے کیدارناتھ میں پھنسے 9 ہزار 99 افراد کو بحفاظت نکالا گیا۔ اخبارات نے صومالیہ کے دارالحکومت میں ہوئے دہشت گرانہ حملے میں 32 افراد کی ہلاکت کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

اخبارات کی دیگر بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

_ علاقائی جنگ نہیں چاہتے، مگر ہر جگہ اپنی افواج کا دفاع کریں گے : امریکی محکمہ دفاع کیا بیان۔

- امریکی انتخابات : کملا ہیرس نامزدگی کے لیے خاطر خواہ ووٹ حاصل کرنے میں کامیاب۔
- مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی حملے میں حماس کمانڈر سمیت پانچ افرا دہلاک۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی ریاستوں کی جامع اور تیز رفتار ترقی پر منحصر ہے۔ انہوں نے ریاستوں سے کہا کہ وہ ایک دوسرے کے بہترین طور طریقوں اور تجربات سے سیکھیں۔

2. مرکزی وزارت صحت نے سفر کے مختلف وسائل کے ذریعے انسانی اعضاء کے نقل وحمل کیلئے رہنما خطوط جاری کئے ہیں۔

3. بھارتی فوج نے ہماچل پردیش میں بادل کے پھٹنے اور مٹی کے تودے کھسکنے سے متاثرہ علاقوں میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد اور راحت اور بچاؤ کی کارروائیوں کو تیز کردیا ہے۔

4. زرعی اقتصادی ماہرین کی بین الاقوامی کانفرنس میں غیر ملکی مندوبین نے بھارت کی زرعی صلاحیت اور اس کی مجموعی ترقی کی ستائش کی ہے۔

5. پیرس اولمپکس میں آج سہ پہر بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین کا مقابلہ سیمی فائنل میں ڈنمارک کے کھلاڑی **Viktor Axelsen** سے ہوگا۔

6. اور کرکٹ میں : آج کولمبو میں بھارت اور سری لنکا کے درمیان دوسرا ایک روزہ بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---------------------------------------